27/06/2026

12.30 PM(5 min)

*********************************************

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

ایل جی

ایس کے آئی سی سی سرینگر میں اس وقت" انٹرفیت ڈائیلاگ آن کشمیریت اینڈ شیرڈ کلچرل ٹریڈشنز" کے عنوان کے تحت ایک تقریب منعقد ہو رہی ہے ۔ تقریب میں جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گونر منوج سنہا آزمودہ کار سیاستدان ڈاکٹر کرن سنگھ، کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان کے علاوہ دیگر متعدد شخصیات شامل ہیں۔ اپنے ابتدائی کلمات میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح سیچلذ کے تین روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوئے جہاں وہ سیچلذکے قومی دن کی گولڈن جوبلی تقریبات میں مہمانِ ذی وقار کے طور پر شرکت کریں گے۔ وہ سیچلذکے صدر ڈاکٹر پیٹرک ہرمینی سے ملاقات، قومی اسمبلی سے خطاب اور بھارتی تارکین وطن سے بات چیت کریں گے۔

وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت کی دفاعی فوجیوں کا ایک دستہ اور بھارتی بحریہ کے دہ جہاز بھی ان تقریبات میں شرکت کریں گے۔

امت شاہ

داخلی امور اور امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ ،امداد باہمی پر مبنی پہلی ٹیکسی سروس "بھارتی ٹیکسی" کا گجرات کے 14 بڑے شہروں میںآغاز کریں گے۔ یہ تقریب آج گاندھی نگر کے مہاتما مندر میں منعقد کی جائے گی۔ وزیر داخلہ گجرات کے تین روزہ دورے پر ہے۔ وہ اس دوران کئی کاموں کا بھی آغاز کریں گے اور کچھ جائزہ میٹنگوں کی صدارت کریں گے۔

نلن

جمونو کشمیر پولیس کے سربراہ نلن پر بھات نے کل شام پولیس کنٹرول سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں 3 جولائی سے شروع ہونے والی شری امر ناتھی یاترا کے حوالے سے کئے جا رہے سلامتی بندو بست کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں جموں زون میں کئے گئے سیکورٹی انتظامات کا احاطہ کیا گیا۔اس موقعے پر پولیس سربراہ نے امر ناتھ یاترا کے پر امن انعقاد اور یاتریوں کی سلامتی کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے تمام ایجنسیوں کو آپسی تال میل بنائے رکھنے کی ہداہت دی۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت دی کہ وہ چوکس رہ کرکسی بھی ہنگامی صورتحال سے

نمٹنے کے لیے پیشہ ورانہ طور پر تیار رہیں۔میٹنگ میں سپیشل ڈی جی پی،جی او سی26 ڈویژن جمونزون ،آئی جی پیز،ڈی آئی جیز اور ایس ایس پیز کے علاوہ دیگر سلامتی ایجنسیوں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی ہے۔

**بانڈی پورہ**

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چِب نے شادی پورہ ٹرانزٹ کیمپ کا دورہ کر کے یہاں سالانہ امرناتھ جی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ یاترا سے قبل تمام انتظامات کومکمل کریں تاکہ شردھالوں کو کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دورے کے دوران انہوں نے بجلی اور پانی کی سپلائی کے علاوہ طبی سہولیات کا معائینہ کیا۔

**موک ڈرل**

سالانہ امرناتھ جی یاترا کے تیاریوں کے سلسلے میں نیشنل ڈذاسٹرمنیجمنٹ اتھارٹی نے بال تل روٹ پر ملٹی ایجنسی  موک ڈرل کا انعقاد کیا۔

موک ڈرل میں ضلع وپولیس انتظامیہ ،این ڈی آر ایف، ایس ڈی آر ایف، محکمہ صحت ، فائر اینڈ ایمرجنسی، سی آر پی ایف، بی ایس ایف سمیت دیگر کئی محکموں کے ملازمین نے شرکت کی۔

**منشیات**

منشیات کے استعمال اور اس کے غیر قانونی سمگلنگ کے خلاف عالمی دن کے موقعے پر سماجی بہبودمحکمہ اور ضلع انتظامیہ اننت ناگ کے اشتراک سے گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین اننت ناگ میں منشایت کے مضر اثرات کے حوالے سے بیداری کا ایک پروگرام منعقد کیاگیا. اس موقعے پر مقررین نے سرکاری محکموں ، تعلیمی ادروں اور عام لوگوں کو اس لعنت کے خلاف مل جل کر کوششیں کرنے پر زور دیا۔

ادھر دن کے حوالے سے ضلع شوپیان کے کیلر، ہرمن، زینہ پورہ، چھترگام سمیت دیگر مقامات پر بیداری پروگرام منعقد ہوئے۔ اس دوران ضلع مینمختلف علاقوں میں وسیع اراضی پر پھیلی جنگلی بھنگ کو بھی تباہ کیا گیا۔

**کپواڑہ**

ضلع کپواڑہ میں انتظامیہ کی جانب سے منشیات کے استعمال اور اس کے غیر قانونی سمگلنگ کے خلاف عالمی دن کے موقعے پر ایک پد یاترا اور سائیکل میراتھن کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبہ ،سائیکلسٹ ، مختلف محکموں کے ملازمین، سول سوسائٹی ممبران سمیت دیگر لوگوں کی ایک تعداد نے شرکت کی۔

**پروگرام**

وزیر اعظم نریندر مودی اس ماہ کی 28تاریخ کو اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضات پر اظہا رخیال کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 135ویں قسط ہوگی ۔ پروگرام صبح11بجے آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر براڈ کاسٹ کیا جائے گا. پروگرام

کو   اے آئی آرنیوز ، ڈی ڈی نیوز ،پی ایم اواور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلز پر بھی لائیو سٹریم کیا جائے گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ